نظامت جنگلات مظفرآباد

☆☆☆

دوبارہ شارٹ ٹینڈر نوٹس:

محکمہ جنگلات کے اے و بی کلاس رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے رواں مالی سال کی تجدیدی فیس جمع کرائی ہو سے نکاسی وبرآمدگی گچھی کے لیے بالمقطع رائیلٹی، سنگل سٹیج سنگل لفافہ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں جو کہ زیردستخطی کے نام بذریعہ ڈاک یا ٹینڈر بکس مورخہ 10-5-2022ء بوقت 12.30 بجے دن تک موصول ہونے چاہئیں۔ موصول شدہ ٹینڈر اسی روز بوقت 01.00 بجے دن حاضر ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ہر ٹینڈر کے ہمراہ زربیعانہ کی رسید مکفول بحق زیردستخطی شامل کرنا ضروری ہوگی۔ جس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

نمبر شمار	نام پیداوار	نام ڈویژنز	میعاد
1	نکاسی و برآمدگی گچھی	مظفرآباد، جہلم ویلی وہٹیاں	31-10-2022

شرائط بذیل ہیں:

1۔ گچھی کی نکاسی و برآمدگی کے لیے بالمقطع رائیلٹی کی بنیاد پر ٹینڈر دینا ہوگا۔ صرف رجسٹرڈ ٹھیکیداران ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔

2۔ ٹینڈر مقررہ فارم پر دینا ہوگا۔ جو دفتر ہذا سے بالعوض فیس ناقابل واپسی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

3۔ ٹینڈر کے ہمراہ پیش کردہ بالمقطع رائیلٹی پر کسی بھی شیڈول بنک کی کال ڈیپازٹ 5% بطور زربیعانہ مکفول بحق ناظم جنگلات مظفرآباد شامل کرنا ہوگی۔ جس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

4۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے اندر سات ایام رقم رائیلٹی معہ ٹیکسز جمع کرانے کے علاوہ محکمہ کے ساتھ اقرارنامہ کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کرتے ہوئے زربیعانہ بحق سرکار ضبط ہوگا۔

5۔ جمع شدہ رائیلٹی کے خلاف برآمد شدہ گچھی/مشروم کی مقدار کم ہونے کی صورت میں محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

6۔ مشکوک یا مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

7۔ ٹھیکہ کی منظوری اور رقم رائیلٹی جمع کرانے کے بعد گچھی کی ترسیل کے لیے ٹھیکیدار محکمہ سے فارم 24/25 حاصل کرنے کا پابند ہوگا۔ بدوں حصول فارم 24/25 گچھی کی ترسیل کی صورت میں گچھی قابل ضبطی ہوگی۔

8۔ ٹھیکیدار کے تعاون سے سرکل ہذا کی حدود میں ضبط شدہ گچھی بحق ٹھیکیدار واگزار کی جائے گی۔

9۔ ٹھیکیدار اپنے نمائندگان کی فہرست دفتر ہذا اور متعلقہ مہتمم صاحبان جنگلات کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ کامیاب ٹھیکیدار حکومت کی جانب سے مقرر کردہ تمام ٹیکسز جمع کرانے کا پابند ہوگا اور ٹھیکہ کے دوران حکومت کی جانب سے مزید کسی قسم کا ٹیکس لاگو ہوا تو وہ بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

11۔ زیردستخطی کو AJK PPRA رولز 2017ء کی شق نمبر 33 کے تحت منظوری سے قبل ٹینڈر رد/مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔

12۔ کسی معاملہ سے متعلق دفتر ہذا/ماتحت ڈویژن ہا کی جانب سے انتظامی ہدایات پر عمل درآمد لازمی کرنا ہوگا۔

13۔ دیگر تفصیلات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

ناظم جنگلات مظفرآباد